© rasailojaraid.com



# مطبوعات

رہنمائے حجاج | مؤلف مولانا خلیل الرحمٰن نعمانی - ناشر: اقبال بک ہاؤس صدر کراچی ۳ - کتابت طباعت دیدہ زیب - کاغذ سفید - کتابی سائز کے ۳۳۶ صفحات - قیمت چھ روپے -

زیر نظر کتاب عام حجاج کرام جو مسائل و مناسکِ حج کی پوری واقفیت نہیں رکھتے - کے استفادہ کے لیے سپردِ قلم کی گئی ہے - فاضل مولف نے فقہ حنفی کے مطابق تمام مسائل بیان کیے ہیں اور اندازِ بیان نہایت سلیس اور عام فہم اختیار کیا ہے -

کتاب ایک سو بیالیس چھوٹے چھوٹے موضوعات پر مشتمل ہے - جن میں تاریخ کعبہ و حج، فرضیت و فضائلِ حج، خاص مقامات اور اصطلاحی الفاظ کی تشریح، حج کے ارکان، فرائض، مسائلِ احرام، مسائلِ عمرہ و طواف و سعی، شرائط و سنن و قوف، مسائل در بابِ رمی جمار و قربانی و حلق، ادعیۂ مسنونہ، طوافِ زیارت، مکہ معظمہ و مدینہ منورہ کے مقدس مشاہد و مقابر اور دیگر زیارات کا مفصل بیان موجود ہے - حسنِ ترتیب کا یہ عالم ہے کہ معمولی پڑھا لکھا حاجی بھی، حج سے متعلق کوئی سا ضروری مسئلہ بآسانی تلاش کر سکتا ہے -

رہنمائے حجاج حقیقتاً حجاج کرام کے لیے رہنما کتاب ہے اور ہم اس سعادت سے بہرہ ور ہونے والے تمام حنفی المسلک حضرات سے اس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں - نیز فاضل مولف کی توجہ کے لیے بھی اتنا عرض ہے کہ کتاب میں مختلف مقامات پر مانگی جانے والی دعائیں تمام تر بلا حوالہ درج ہیں - جو مناسب نہیں - حج مسنون طریقہ پر ادا کیا جانا چاہیئے اور دورانِ حج مانگی جانے والی تمام دعائیں بھی مسنون ہونی چاہئیں - تبصرہ نگار کی نظر میں مؤلف کا یہ اسلوبِ تحقیق درست نہیں کہ "بعض علماء نے طواف کے ہر چکر کے لیے دعائیں بیان کی ہیں - جو درج ذیل ہیں" صـ۱۲۱ - نیز یہ کہ "بعض حضرات نے لکھا ہے کہ منیٰ میں ۹ ذی الحج کی شب کو اگر کوئی ایک ہزار مرتبہ یہ تسبیح پڑھ کر دعا کرے تو جو مراد مانگے پوری ہو" (صـ۱۶۱) مسائلِ حج و عمرہ کے مستند اور معتبر مجموعہ میں ایسی باتوں کا اندراج کسی طرح بھی صحیح نہیں - کیونکہ یہی چیزیں آگے چل کر پختہ مسائل کا روپ دھار لیتی ہیں اور یوں شریعت کے اندر "ایک شریعت" وجود میں آ جاتی ہے -



© rasailojaraid.com